سوال

(193)اہل حدیث کہلوانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیااپنے آپ کواہل حدیث کہلانادرست ہے؟جب کہ قرآن پاک میں ارشادباری تعالیٰ ہے : ہُوَسَمَّاکُمُ الْمُسْلِمِین

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت کے ساتھ مخلصانہ وابستگی کی بناء پراہل حدیث نام کے اطلاق کا جواز ہے۔ ''لا مشاحة فی الاصطلاح''

کئی ایک محدثین عمل بالحدیث کی بنا پراہل بدعت کے بالمقابل اس لقب سے موسوم تھے تفصیل کےلئے ملاحظہ ہو: (کتاب شرف اصحاب الحدیث)

قرآن مجید میں ''المسلمین'' بطور تسمیہ صفت بیان ہوا ہے جس سے الحمدللہ جملہ مسلمان متصف ہیں۔ ورنہ تولازم آئے گا'' حافظ عبدالغفور''نام رکھنا بھی ناجائزہوجس کا کوئی بھی قائل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص496

محدث فتویٰ